# نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

# پریس ریلیز

## محکمہ زراعت پنجاب نے 30 جنوری تک گندم کی فصل کی بہتر نگہداشت کیلئے سفارشات جاری کر دیں۔

**لاہور 13 جنوری 2022:** ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے بتایا ہے کہ ایسے کاشتکار جنہوں نے دھان، کپاس، مکئی اور کماد کے بعد گندم کو کاشت کیا ہے وہ دوسرا پانی بوائی کے 80 تا 90 دن بعد (گوبھ کے وقت) لگائیں جبکہ پچھتی کاشت کیلئے پہلا پانی بوائی کے 25 تا 30 دن بعد (شاخیں نکلتے وقت) لگائیں۔ ترجمان نے مزید بتایا کہ گندم میں فاسفورسی کھادوں کے کم استعمال کے باعث گندم کی فصل پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ فاسفورسی کھادیں کم استعمال کرنے کی وجہ سے گندم کا پودا نرم اور سبز ہو جاتا ہے جس سے فصل گرنے اور بیماریوں کے حملے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ اس لئے ایسے کاشتکار جو گندم کی کاشت کے وقت فاسفورس کھاد کا سفارش کردہ مقدار میں استعمال نہیں کر سکے انہیں چاہیے کہ اگر بوقت کاشت انھوں نے اپنی زمین میں **ڈیڑھ تا دو بوری یوریا فی ایکڑ** کھاد ڈالی ہے تو ایک بوری مونو امونیم فاسفیٹ (MAP) یا ڈیڑھ بوری نائٹروفاس یا ڈیڑھ بوری این پی کھاد (20-20) استعمال کریں۔ اگر بوقت بوائی **ایک بوری یوریا فی ایکڑ یا اس سے کم** استعمال کی گئی ہو تو ڈیڑھ بوری مونو امونیم فاسفیٹ (MAP) اور آدھی بوری یوریا استعمال کریں یا دو بوری نائٹروفاس یا دو بوری این پی (20-20) کھاد استعمال کریں۔ مونو امونیم فاسفیٹ، نائٹروفاس اور این پی کھادیں دوسری فاسفورسی کھادوں کی نسبت زیادہ حل پذیر ہوتی ہیں اس لئے ان کھادوں کو پانی کے ڈرم میں گھول کر نکے کے اُوپر (فرٹیگیشن کے ذریعے) ڈالیں تا کہ فاسفورس پانی میں حل ہو کر جڑوں میں پہنچ جائے۔ بارانی علاقوں کے کاشتکار جڑی بوٹیوں کی تلفی بذریعہ گوڈی کریں جبکہ آبپاش علاقوں میں چوڑے پتوں (بینا، جنگلی ہالوں) اور نوکیلے پتوں (دمبی سٹی، جنگلی جئی) والی جڑی بوٹیوں کی تلفی کے لئے محکمہ زراعت (توسیع) کے مقامی عملے کے مشورے سے سپرے کریں۔ یاد رہے گندم کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبہ کے تحت محکمہ زراعت کی جانب سے کاشتکاروں کو جڑی بوٹی مار زہروں پر 250 روپے فی ایکڑ سبسڈی بھی دی جا رہی ہے۔ سپرے کے دوران کسی جگہ دوہری سپرے نہ کریں اور نہ کوئی خالی جگہ رہنے دیں۔ جڑی بوٹی مار زہروں کے سپرے کیلئے 100 تا 120 لٹر پانی فی ایکڑ استعمال کریں۔ معیاری سپرے کیلئے مخصوص فلیٹ فین نوزل یا ٹی جیٹ نوزل کا استعمال کریں۔ زہر کے چھڑکاؤ کے بعد گوڈی یا بار ہیرو کے استعمال سے گریز کریں۔ کاشتکار تیز ہوا، دھند یا بارش والے دن سپرے نہ کریں اور ترجیحاً سپرے دھوپ میں کریں۔

☆☆☆☆